## حیسکو پریس رلیز مورخہ :15.12.2021

# چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی ہدایات پر 04 آپریشن سرکلوں کے SEs کی آن لائن ٹیلی فون کچہری، حیسکو صارفین نے ٹیلی فون پر کال کر کے 38 شکایات درج کرائیں جس میں سے موقع پر 24 شکایات حل کی گئیں ،باقی 14 شکایات کو جلد حل کرنے کیلیئے ہدایات متعلقہ XENs اور SDOs کو جاری کردی گئی ہیں،عوام/حیسکو صارفین نے اس اقدام پر حیسکو چیف کا شکریہ ادا کیا اور تجویز دی ہے کہ اس عمل کو جاری رکھیں۔حیسکو ترجمان

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق آج چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی ہدایات پر آپریشن سرکل حیدرآباد، لاڑ، میرپورخاص اور نوابشاہ کے سپرنٹینڈنگ انجنیئر نے حیسکو صارفین/عوام کے بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات کو آن لائن ٹیلی فونک کچہری میں سننے کے بعد فوری طور پر حل کرنے کیلیئے احکامات دیئے گئے ہیں، واضح رہے کل صبح 10:00 بجے سے دوپہر 12:00 بجے تک (2 گھنٹے) تک صارفین نے اپنی شکایات اور درپیش بجلی سے متعلق مسائل کی شکایات درج کروائیں ،ٹوٹل 38 شکایات سنیں گئیں اور اس میں سے حیسکو چیف کے احکامات پر 24 شکایات موقع پر فوری حل کردی گئیں، باقی 14 شکایات کو جلد از جلد حل کرنے کیلیئے سپرنٹینڈنگ انجنیئر ز نے متعلقہ ایگزیکٹو انجنیئر ز اور سب ڈویژنل افسران کو ہدایات دے دیں ہیں کہ صارفین کی شکایات مروجہ قانون کے تحت حل کی جائیں۔S.E حیدرآباد نثار احمد میمن نے 8 شکایات سنیں، جس میں سے 4 موقع پر حل کی گئیں، باقی 4 شکایات جلد از جلد اولیت کی بنیاد پر حل کی جائیں گی، S.E لاڑ عبدالغفور شیخ نے 12 شکایات سنیں جس میں سے 8 موقع پر حل کی گئیں، باقی 4 شکایات جلد از جلد حل کی جائیں گی، S.E لاڑ عبدالغفور شیخ نے 12 شکایات سنیں جس میں سے 8 موقع پر حل کی گئیں، باقی 4 شکایات جلد از جلد حل کی جائیں گی، S.E میرپورخاص ذوالفقار میمن کے پاس صارفین نے 07 شکایات آئیں، جس میں سے 5 موقع پر حل کی گئیں، باقی 2 شکایات جلد از جلد حل کردی جائیں گی، اور S.E نوابشاہ رشید احمد انصاری نے 11 شکایات سنیں جس میں سے 7 موقع پر حل کی گئیں، باقی 4 شکایات جلد از جلد حل کی جائیں گی۔حیسکو صارفین/عوام نے حیسکو کے اس آن لائن ٹیلی فون کچہری کے کام کو سراہا ہے اور حیسکو چیف کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ حیسکو انتظامیہ کی جانب سے ایسے ہی صارفین کیلیئے ٹیلی فون پر شکایات درج کرنے اور موقع پر حل کرنے والے اقدام کو جاری رکھا جائے تا کہ عوام اور حیسکو صارفین مستفید ہوسکیں۔حیسکو چیف موقع پر ہی ہدایات دیتے ہیں جس سے ہماری شکایات ٹیلی فون پر ہی موقع پر حل کردی جاتی ہیں۔حیسکو چیف نے کہا کہ سب سے پہلے صارف، ہمیں صارف کی Care کرنی ہے، اسی لیئے بجلی صارفین کی تمام تر مسائل اور شکایات بغور سنیں جا رہی ہیں اور اس کو فوری حل کیا جا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ اب حیسکو صارفین/عوام صرف ایک کال کر کے اپنے بجلی سے متعلق مسائل حل کروا سکتے ہیں۔آپ کے تعاون کا متمنی حیسکو۔

مورخہ :15.12.2021









حیدرآباد: چاروں آپریشن سرکلوں کے ایس ایز، نثار احمد میمن، عبدالغفور شیخ، ذوالفقار میمن اور رشید احمد انصاری آن لائن ٹیلی فونک کچہری میں صارفین کی شکایات سنتے ہوئے۔ (اینٹی کلاک وائز)